باقاعدہ تصدیق شدہ ABC Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ رژن تربت
Daily RUZN Turbat

چیف ایڈیٹر: شکیل احمد

جلد نمبر 20 | منگل 28 جولائی 2026ء 13 صفر 1448ھ | قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 51

فیلڈ مارشل کی مسلسل کاوشوں سے خطے میں کشیدگی میں دوبارہ کمی آئی ہے، محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ کی حافظ نعیم الرحمان سے ملاقات، ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال، جماعت اسلامی کے سیکرٹری جنرل امیر العظیم کے انتقال پر اظہار تعزیت

ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی و سکیورٹی صورتحال، علاقائی امور اور عوام کو درپیش مسائل کے حل سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل کی مسلسل کاوشوں کے باعث خطے میں کشیدگی میں دوبارہ کمی آئی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے منصورہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان سے ملاقات کی، جس میں جماعت اسلامی پاکستان کے قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی و سکیورٹی صورتحال، علاقائی امور اور عوام کو درپیش مسائل کے حل سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے جماعت اسلامی کے سیکرٹری جنرل امیر العظیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فیلڈ مارشل کی مسلسل کاوشوں کے باعث خطے میں کشیدگی میں دوبارہ کمی آئی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے منصورہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان سے ملاقات کی، جس میں جماعت اسلامی پاکستان کے قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران

(بقیہ صفحہ 2 پر)

ڈیرہ اللہ یار پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 2 ڈاکوؤں کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) ڈیرہ اللہ یار پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار کے قریب مین روڈ پر ڈکیتی کی نیت سے کھڑے مسلح افراد نے پولیس کو دیکھ کر فائرنگ شروع کردی اور فرار ہونے کی کوشش کی گئی پولیس کی مزید نفری طلب کر کے انکا تعاقب کیا گیا تو ملزمان نے پولیس پر اندھا دھند فائرنگ

ایف سی 114 ونگ کی سیلاب متاثرین میں راشن، ٹینٹ اور ضروری سامان تقسیم

ایف سی 114 ونگ ہر مشکل وقت میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، متاثرین کی میڈیا سے بات چیت

بابا کوٹ (اے این این) ایف سی بلوچستان 114 ونگ نے ایک بار پھر عوامی خدمت کی روشن مثال قائم کرتے ہوئے سیلاب متاثرہ خاندانوں کی فوری امداد کا سلسلہ شروع کر دیا۔ ایف سی 114 ونگ کے کمانڈر کرنل رضوان طیب کی خصوصی ہدایات پر میجر یاسر کی نگرانی میں ریچ کینال، یونین کونسل شوری ڈرابی بیرون کے علاقے میں امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔ حالیہ شدید سیلابی ریلے کے باعث نصیر آباد کے علاقے چھتر ندی میں طغیانی آنے سے سینکڑوں گھر زیر آب آ گئے، جس کے نتیجے میں متعدد خاندان بے گھر اور شدید مشکلات کا شکار ہو گئے۔ اس صورتحال میں ایف سی 114 ونگ کی 4 ٹیمیں

(بقیہ صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی اور رکن اسمبلی زرک خان مندخیل ملاقات کر رہے ہیں

کشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازعہ علاقہ ہے، بھارت حقائق مسخ نہیں کرسکتا، وزیر دفاع

بھارتی قیادت کی غیر ذمہ دارانہ بیان بازی ملک کے اندرونی سیاسی بحران اور مودی حکومت سے عوامی توجہ ہٹانے کی ایک ناکام کوشش ہے

بھارت کے پاکستان پر بے بنیاد الزامات اس کی ریاستی سرپرستی میں دہشت گردی کے ریکارڈ کے باعث مکمل ناقابلِ اعتبار ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ پاکستان بھارتی وزیر دفاع کے غیر ذمہ دارانہ بیانات کو دوٹوک انداز میں مسترد کرتا ہے، بھارت کے پاکستان پر بے بنیاد الزامات اس کے ریاستی سرپرستی میں دہشت گردی کے ریکارڈ کے باعث ناقابلِ اعتبار ہیں۔ جموں و کشمیر سے متعلق گمراہ کن اور جھوٹے بھارتی بیانیہ پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پیغام میں کہا کہ بھارت سیاسی پروپیگنڈے کے ذریعے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ قانونی حقائق کو مسخ نہیں کر سکتا، پاکستان بھارتی وزیر دفاع کے غیر ذمہ دارانہ بیانات کو دوٹوک انداز میں مسترد کرتا ہے، ایسے بیانات قانونی حقائق کو سیاسی پروپیگنڈے اور دھمکی کے ذریعے مسخ کرنے کی کوشش ہیں

(بقیہ صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کاروباری رجسٹریشن کا نظام آسان اور سہل بنایا جارہا ہے، جام کمال

اسلام آباد میں جدید چھوٹے صنعتی زونز کے قیام کی تجویز زیر غور ہے، ٹیکس نیٹ میں توسیع نئے کاروباروں کی دستاویزی شمولیت سے ہوگی، وزیر تجارت

وزیر تجارت سے اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے وفد کی ملاقات، ٹیکس اصلاحات سمیت مختلف امور پر گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز اینڈ اسمال انڈسٹریز کے وفد نے پیر کو ملاقات کی۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق ملاقات میں ایس ایم ایز، ٹیکس اصلاحات، صنعتی انفراسٹرکچر اور کاروباری آسانیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ حکومت ایس ایم ایز کے فروغ اور صنعت کاری کے لیے کاروبار دوست ماحول فراہم کرے گی، غیر ضروری ریگولیٹری رکاوٹیں ختم، کاروباری عمل کو مزید آسان بنایا جائے گا۔ جام کمال نے کہا کہ کاروباری رجسٹریشن کا نظام آسان اور سہل بنایا جارہا ہے، ٹیکس نیٹ میں توسیع نئے کاروباروں کی دستاویزی شمولیت سے ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سٹیٹ بینک کی نئی ایس ایم ای تعریف کاروباری شعبے کے لیے اہم پیش رفت ہے۔ اسلام آباد میں جدید چھوٹے صنعتی زونز کے قیام کی تجویز زیر غور ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایز کے لیے صنعتی سٹیٹس پیداواری

(بقیہ صفحہ 3 پر)

ن لیگ جان بوجھ کر آزاد کشمیر کا انتخابی عمل متنازع بنا رہی ہے، پیپلز پارٹی

ہر قسم کے دباؤ کے باوجود کشمیری عوام اپنا فیصلہ خود کریں گے، جمہوریت کی فتح عوام کے آزاد فیصلے میں ہے، رہنماء پیپلز پارٹی

کشمیری عوام پیپلز پارٹی کو ووٹ دینا چاہتے ہیں تو ن لیگ کو اس پر اعتراض کیوں ہے، اوچھے ہتھکنڈوں سے عوامی مینڈیٹ نہیں چھین سکتی، بیان

اسلام آباد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ شکست کے خوف سے ن لیگ جان بوجھ کر آزاد کشمیر کے انتخابی عمل کو متنازع بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔ اپنے ایک بیان شیری رحمان نے کہا کہ کشمیری عوام باشعور ہیں، وہ اپنا فیصلہ خود کرنا جانتے ہیں، کشمیری عوام اور پاکستان پیپلز پارٹی کا رشتہ آج کا نہیں بلکہ برسوں پر محیط ہے، اگر کشمیری عوام پیپلز پارٹی کو ووٹ دینا چاہتے ہیں تو ن لیگ کو اس پر اعتراض کیوں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایل اے 12 میں مسلح افراد کے داخل ہونے کی اطلاعات انتہائی تشویشناک ہیں، ن لیگ کی طرف سے بے بنیاد الزامات کے باوجود ایل اے 10 کا انتخابی عملہ تبدیل کیا گیا، ن لیگ اوچھے ہتھکنڈوں سے عوامی مینڈیٹ نہیں چھین سکتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر قسم کے دباؤ کے باوجود کشمیری عوام اپنا فیصلہ خود کریں گے، جمہوریت کی فتح عوام کے آزاد فیصلے میں ہے، ن لیگ جو مرضی ہتھکنڈے استعمال کرلے، کامیابی پی ٹی

(بقیہ صفحہ 3 پر)

پانی ٹینکرز کو تنگ کرنا عوام کو سزا دینے کے مترادف ہے، سید صادق آغا

واسا پانی فراہم کرنے میں ناکام ہو چکا ہے۔ پرائیویٹ ٹینکرز پر گزارا ہے، صوبائی نائب صدر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کوئٹہ میں پانی کے شدید بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومتی ادارہ واسا اربوں روپے کے وسائل خرچ کرنے کے باوجود شہریوں کو صاف اور وافر مقدار میں پانی فراہم کرنے میں ناکام ہو چکا ہے، جس کے باعث عوام اپنی بنیادی ضرورت پوری کرنے کے لیے مہنگے داموں پرائیویٹ پانی ٹینکرز خریدنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتہائی افسوسناک امر یہ ہے کہ عوام کو پانی فراہم کرنے والے پرائیویٹ ٹینکرز کو بھی بعض ٹریفک پولیس اہلکار بلاجواز تنگ کرتے ہیں، جس کے باعث ٹینکر مالکان کو ہڑتال جیسے اقدامات پر مجبور ہونا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ پانی

(بقیہ صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں خواتین کی سماجی تنظیم ایکشن ایڈ پاکستان کے زیر اہتمام ایک تقریب میں خواتین کی سماجی شمولیت اور بلدیاتی نمائندگی کے موضوع پر گفتگو کی گئی، مقررین کا کہنا تھا کہ خواتین کی سیاسی شمولیت کے بغیر جمہوری نظام مکمل نہیں ہوتا

اوتھل، قدیمی بشو پیر قبرستان منتخب نمائندوں کی عدم توجہی کے باعث بنیادی سہولیات سے محروم

پانی اور سایہ دار جگہ کی عدم موجودگی سے شہری پریشان، ضلعی انتظامیہ سے فوری اقدامات کا مطالبہ

اوتھل (یو این اے) ضلع لسبیلہ کے ضلعی ہیڈکوارٹر اوتھل میں واقع قدیمی بشو پیر قبرستان منتخب عوامی نمائندوں کی عدم توجہی کے باعث بنیادی سہولیات سے محروم ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق قبرستان میں زائرین کے لیے پانی کی سہولت موجود نہیں، جبکہ نماز جنازہ کی ادائیگی کے لیے سایہ دار جگہ کا بھی انتظام نہیں کیا گیا۔ قبرستان کے اندر ایک وسیع و عریض خالی جگہ موجود ہے، جہاں ماضی میں عیدین کی نماز ادا کی جاتی تھی اور یہ مقام عیدگاہ کے نام سے جانا جاتا ہے، تاہم اس کی بھی مناسب دیکھ بھال نہیں کی جا رہی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ قبرستان میں جگہ جگہ جھاڑیاں اگ آئی ہیں، جس کے باعث یہ آوارہ جانوروں کی آماجگاہ بنتا جا رہا ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ علاقے کے منتخب کونسلر اس وقت

(بقیہ صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ آف پاکستان میں پنجاب بار کونسل کے وفد سے میٹنگ کر رہے ہیں

امریکا سے جنگ ختم کرنے کیلئے مذاکرات کی درخواست نہیں کی، ایران

امریکا جب بھی عالمی توانائی کی قیمتیں بڑھتی دیکھتا ہے تو مذاکرات کی میز پر واپس آ جاتا ہے،، پرامن مقاصد کے لیے جوہری توانائی کا استعمال ہر ملک کا حق ہے

اسرائیل مشرق وسطی کے ممالک کے جدید ٹیکنالوجی کے حصول میں ہر ممکن رکاوٹ پیدا کرتا ہے، ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی

تہران (یو این اے) ایران کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ایران نے امریکا کے ساتھ جنگ ختم کرنے کے لیے مذاکرات کی درخواست نہیں کی، جنگ اور امن کا فیصلہ ایران خود کرے گا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے پریس بریفنگ میں کہا ہے کہ ایران کبھی بھی امریکا کو جنگ یا امن کے وقت کا تعین نہیں کرنے دے گا، امریکا نے ایران پر حملے کے بعد یہ سمجھا تھا کہ ایران 3 دن میں ہتھیار ڈال دے گا، کئی ماہ بعد بھی واشنگٹن خود مشکلات کا شکار ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکا جب بھی عالمی توانائی کی قیمتیں بڑھتی دیکھتا ہے تو مذاکرات کی میز پر واپس آ جاتا ہے، اسرائیل مشرق وسطی کے ممالک کے جدید ٹیکنالوجی کے حصول میں ہر ممکن رکاوٹ پیدا کرتا ہے، پرامن مقاصد کے لیے جوہری توانائی کا استعمال ہر ملک کا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے صرف اپنے قانونی حق سے فائدہ اٹھایا ہے، بحیرہ کیسپین میں ایرانی تجارتی جہاز پر یوکرینی حملے عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہیں، ایران کو یوکرینی حملے کا جواب دینے کا حق حاصل ہے، روس یوکرین جنگ کے آغاز سے ہی ایران نے مداخلت کا ارادہ نہیں رکھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ قومی سلامتی اور مفادات کے تحفظ کے لیے ہر ضروری اقدام کیا جائے گا، خطے کے بعض ممالک امریکا کے ساتھ جنگ میں شریک ہیں

(بقیہ صفحہ 3 پر)

ایران امریکا ڈیل کی نئی امیدیں، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ

واشنگٹن (اے این این) ایران کے خلاف امریکی حملوں میں وقفے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل اور اور قدرتی گیس کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران پر 2 ہفتوں سے جاری حملوں میں وقفہ دینے کے اعلان کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں

(بقیہ صفحہ 3 پر)

جعفر آباد، ڈیرہ اللہ یار میں مبینہ پولیس مقابلہ، دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

ملزمان کے قبضے سے دو پستول اور موٹر سائیکل برآمد، مزید تفتیش کے لیے ہسپتال منتقل

جعفر آباد (یو این اے) جعفر آباد کے شہر ڈیرہ اللہ یار میں جمالی بائی پاس حبیب اللہ موڑ کے قریب پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مبینہ مقابلے کے بعد دو ڈاکوں کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا ہے۔ ایس ایس پی جعفر آباد محمد معروف عثمان کے مطابق اطلاع ملی تھی کہ دو ڈاکو وارادات کی نیت سے شہر کی طرف آ رہے ہیں، جس پر ایس ایچ او جاوید احمد کھوسہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ کر کارروائی کی۔ پولیس کو دیکھتے ہی ملزمان نے فائرنگ شروع کردی، جس پر پولیس کی جوابی فائرنگ سے دو ملزمان زخمی ہو کر گرفتار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت جنید مغیری اور فیاض چھلگری کے نام سے ہوئی ہے، جن کے قبضے سے دو عدد ٹی ٹی پستول اور ایک موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی ہے۔ زخمی

(بقیہ صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، 20 کلو آٹے کا تھیلا مزید 100 روپے مہنگا، 2800 کا ہو گیا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آٹے کی قیمتیں کم نہ ہوسکیں، مہنگائی کا طوفان تھمنے کا نام نہیں لے رہا، آئے روز اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیل کے مطابق پھلوں اور سبزیوں کے بعد گزشتہ ایک ہفتے کے دوران آٹے کی قیمت میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے

کوئٹہ، بلوچستان پولیس میں اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلے، سینٹرل پولیس آفس سے اعلامیہ جاری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان پولیس میں افسران کے اعلیٰ سطح پر تقرر و تبادلے کر دیے گئے ہیں۔ سینٹرل پولیس آفس (سی پی او) کوئٹہ سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق تعیناتی کے منتظر پی ایس پی (بی ایس 18) افسر فہد خان کی خدمات ڈی آئی جی پولیس سی ٹی ڈی کے حوالے کر دی گئی ہیں۔ اسی طرح ایس پی ٹھٹھہ بیگٹی (بی ایس 18) کی خدمات

(بقیہ صفحہ 3 پر)

متنازع ٹویٹس کیس، ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزا معطلی درخواستوں کی جلد سماعت کی استدعا

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ میں متنازع ٹویٹس کیس کے سلسلے میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی جانب سے سزا معطلی کی درخواستوں پر جلد سماعت کی متفرق درخواستیں دائر کر دی گئیں۔ درخواستیں فیصل صدیقی ایڈووکیٹ اور زینب جنجوعہ ایڈووکیٹ کی جانب سے جمع کرائی گئیں، جن میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ دونوں درخواستیں 24 جولائی کو سماعت کے لیے مقرر

(بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر)

یومیہ بنیادوں پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل عوام پر بھاری

لاہور (یو این اے) ملک میں روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کی پالیسی کے تحت گزشتہ ایک ہفتے کے دوران پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس سے روزانہ کی بنیاد پر نرخ مقرر کرنے کی پالیسی عوام پر بھاری پڑ گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق 21 جولائی کو پٹرول کی قیمت 315 روپے 80 پیسے

(بقیہ صفحہ 3 پر)

ڈھاڈر، ایری گیشن آفس کے گیٹ پر ٹائم بم دھماکہ، گیٹ کو جزوی نقصان پہنچا

سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کر لیے، ایس ایچ او ڈھاڈر پولیس

ڈھاڈر (یو این اے) ڈھاڈر میں ایری گیشن آفس کے مین گیٹ پر ٹائم بم کا دھماکہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں آفس کے گیٹ کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے لیا اور جائے وقوعہ سے تمام اہم شواہد اکٹھے کر لیے ہیں۔ ایس ایچ او ڈھاڈر پولیس نے بتایا کہ واقعے کی تمام پہلوؤں سے مزید تفتیش کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے لیا اور جائے وقوعہ سے تمام

(بقیہ صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے خزانہ محمد اورنگزیب سے 'اڑان سمندر پار پاکستانی سمر کالرز پروگرام' کے شرکا ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان، بیشتر اضلاع میں موسم گرم رہے گا، شام کے وقت مختلف علاقوں میں بارش کا امکان

کوئٹہ ڈگری 45 کے ساتھ گرم ترین علاقہ، ژوب، خضدار اور بارکھان میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کی پیشگوئی

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ سمیت بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، تاہم شام کے وقت ژوب، موسیٰ خیل، شیرانی، بارکھان، خضدار اور گردونواح میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے میں نوکنڈی 45 ڈگری سینٹی گریڈ کے ساتھ گرم ترین علاقہ رہا جبکہ تربت میں 42، سبی میں 39، چمن میں 38، کوئٹہ میں 37، ژوب میں 35، قلات اور جیوانی میں 33، گوادر میں 31 اور زیارت میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے ساحلی علاقوں میں درجہ حرارت معتدل رہنے جبکہ اندرونی بلوچستان کے بیشتر حصوں میں شدت کی گرمی برقرار رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

نیشنل پارٹی کچھی کی تنظیم سازی تیز کردی گئی

بلدیاتی انتخابات کے لیے حکمت عملی تیار کرنے کا اعلان کردیا

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کچھی کی نومنتخب کابینہ اور کارکنوں کے اعزاز میں پہوڑ ہاؤس کوئٹہ میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارٹی کے صوبائی و مرکزی رہنماں، ضلعی عہدیداروں اور کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کا اہتمام نیشنل پارٹی کے سینئر کارکن شمن علی پہوڑ اور پہوڑ برادری کی جانب سے کیا گیا۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکریٹری ایڈووکیٹ چنگیز حسنی بلوچ، مرکزی جوائنٹ سیکریٹری میران بلوچ، ضلع کچھی کے صدر ملک اسد اللہ بنگلزئی سمیت دیگر رہنماں نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ نیشنل پارٹی آنے والے بلدیاتی انتخابات کے لیے حکمت عملی مرتب کر رہی ہے اور تحصیل بھاگ سمیت ضلع کچھی میں تنظیم سازی، رابطہ مہم اور عوامی

(بقیہ صفحہ 3 پر)

جو لوگ عہدے مانگتے ہیں، وہ جوتیاں رگڑتے رہ جاتے ہیں، خالد مقبول صدیقی

پاکستان میں عصبیت اور تعصب کی بنیاد پر صوبے بنائے گئے ہیں، مہاجروں کو اقتدار کی کوئی محتاجی نہیں ہے

میر پور خاص (اے این این) ایم کیو ایم پاکستان کے کنوینر اور وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے مصطفیٰ کمال پر نام لئے بغیر تنقید کرتے ہوئے کہا ایم کیو ایم میں جو لوگ عہدے مانگتے ہیں، وہ جوتیاں رگڑتے رہ جاتے ہیں۔ میر پور خاص میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ ایم کیو ایم کوئی لسانی جماعت یا مہاجر لسانی تحریک نہیں ہے، اس تنظیم میں عہدے مانگے نہیں جاتے بلکہ کارکنوں کی جدوجہد اور خدمات کی بنیاد پر ذمہ داریاں دی جاتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایم کیو ایم میں جو لوگ عہدے مانگتے ہیں، وہ جوتیاں رگڑتے رہ جاتے ہیں۔ ماضی میں ایم کیو ایم میں وہ لوگ بھی تھے جو ڈانٹ کھا کر روزگار اور عہدے لیتے تھے (بقیہ کارکنان خود اندازہ کرلیں

(بقیہ صفحہ 3 پر)

صدر ٹرمپ نے ایران کیخلاف جنگ میں امریکی اسلحہ ختم ہونے کی خبروں کو مسترد کردیا

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف جنگ کے دوران امریکا کے اسلحے اور گولہ بارود کی قلت سے متعلق خبروں کو مسترد کر دیا۔ امریکی صدر ٹرمپ نے اخبار وال اسٹریٹ جرنل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس دنیا میں کسی بھی ملک سے کہیں زیادہ اسلحہ موجود ہے، بلکہ ہمارے ذخائر بھی کہیں زیادہ ہیں

(بقیہ صفحہ 3 پر)

غزہ میں جو کچھ ہو رہا ہے امریکا اس میں برابر کا شریک ہے، امریکی سینیٹر برنی سینڈرز

واشنگٹن (اے این این) امریکا کے سینیٹر برنی سینڈرز نے غزہ کی صورتحال کا ذمہ دار امریکا کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ غزہ میں جو کچھ ہو رہا ہے امریکا اس میں برابر کا شریک ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سینیٹر برنی سینڈرز نے کہا کہ امریکا نے اسرائیل کو اربوں ڈالر کی فوجی امداد فراہم کی، اسرائیل پر عالمی قوانین کی خلاف ورزی کے الزامات ہونے کے باوجود امریکا نے اس کی مدد کی، جنگ بندی کے باوجود اسرائیل نے غزہ میں اپنی فوجی کارروائی

(بقیہ صفحہ 3 پر)

چین میں طوفانی بارشوں نے تباہی مچادی، 12 افراد ہلاک، 23 زخمی

بیجنگ (اے این این) چین میں طوفانی بارشوں نے تباہی مچادی ہے جہاں مختلف حادثات میں 12 افراد ہلاک جبکہ 23 زخمی ہوگئے۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق سیلاب کے باعث ہلاکتیں سمر کیمپ میں ہوئی، راستے بند ہونے سے سمر کیمپ میں موجود کئی لوگ پھنس گئے، امدادی کارروائیوں میں سیاحتی مقام سے 174 لوگوں کو نکال لیا گیا

(بقیہ صفحہ 3 پر)

کیپٹن محمد سرور شہید نے فرض، شجاعت اور حب الوطنی کی لازوال مثال قائم کی، صدر زرداری

پاکستان کے پہلے نشانِ حیدر حاصل کرنے والے کیپٹن محمد سرور شہید کا نام عظیم سپوتوں میں ہمیشہ زندہ رہے گا، صدر کا بیان

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کے پہلے نشانِ حیدر حاصل کرنے والے کیپٹن محمد سرور شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے آزادی کشمیر اور وطن کے دفاع کیلئے جان کا نذرانہ دے کر فرض شناسی، شجاعت اور حب الوطنی کی ایسی لازوال مثال قائم کی جو ہمیشہ قوم کیلئے باعثِ فخر رہے گی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے کیپٹن محمد سرور شہید نشان حیدر کی 78 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ کیپٹن محمد سرور شہید نے آزادی کشمیر کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے قومی تاریخ میں ایک ایسا روشن باب رقم کیا جسے آنے والی نسلیں ہمیشہ یاد رکھیں گی اور فخر کے ساتھ

(بقیہ صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی سے بے یو آئی وڈھ کے رہنما عبدالواحد مینگل اور حافظ بلال احمد دوئی ملاقات کر رہے ہیں

ژوب اور لورالائی بارڈر ایریا میں فائرنگ، دو افراد جاں بحق، متعدد زخمی

ژڑہ کے مقام پر دو گروپوں میں مسلح تصادم، ملک کریم کبزئی اور شاہ فیصل چرمئی ہلاک

ژوب (یو این اے) ژوب اور لورالائی کے سرحدی علاقے ژڑہ کے مقام پر دو گروپوں کے درمیان شدید فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں ملک کریم کبزئی اور شاہ فیصل چرمئی موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جبکہ زخمیوں کو فوری طبی امداد کے لیے سول ہسپتال ژوب منتقل کر دیا گیا ہے۔ واقعے کے بعد علاقے میں صورتحال کشیدہ ہوگئی، جبکہ مزید معلومات اور فائرنگ کی وجوہات سامنے نہیں آسکیں۔ انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی جانب سے واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔ ژوب اور لورالائی کے سرحدی علاقے ژڑہ کے مقام پر دو گروپوں کے درمیان شدید فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق جبکہ متعدد زخمی ہوگئے۔

(بقیہ صفحہ 3 پر)

پنجگور، نیشنل پارٹی کے ضلعی دفتر میں تقریب، میر غوث بخش بزنجو کی قومی و سیاسی خدمات کو خراجِ تحسین

میر غوث بخش بزنجو کا سیاسی فلسفہ اور اصول پسندی آج بھی مشعلِ راہ ہیں، حاجی ایوب بلوچ

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے ضلعی دفتر میں ضلعی صدر حاجی محمد ایوب بلوچ اور مرکزی رہنما حاجی صالح محمد بلوچ نے میر غوث بخش بزنجو کی سیاسی فکر، جدوجہد اور قومی خدمات پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میر غوث بخش بزنجو برصغیر کے عظیم سیاسی رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں، جنہوں نے پوری زندگی جمہوریت، عوامی حقوق، قومی برابری اور آئین کی بالادستی کے لیے جدوجہد کی۔ انہوں نے کہا کہ میر غوث بخش بزنجو کی سیاست اصولوں، برداشت، رواداری اور عوامی خدمت پر مبنی تھی۔ ان کی سیاسی بصیرت اور کردار آج بھی عوام اور سیاسی کارکنوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ قومی

(بقیہ صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، مشیر کھیل بلوچستان میاں مجید مگسی کھیل کے امور اور وزیر اعلیٰ فٹ بال گولڈ کپ کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

جنوبی افریقا میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 4 پاکستانی جاں بحق

پولیس نے جائے وقوع سے 9 ایم ایم پستول کے متعدد خول قبضے میں لے لیے ہیں جبکہ پولی

باقاعدہ تصدیق شدہ ABC Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ رژن تربت
Daily RUZN Turbat

چیف ایڈیٹر: شکیل احمد

روزنامہ رژن تربت پبلشر شکیل احمد ہائی ٹیک پرنٹنگ پریس سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر بیورو آفس سریاب روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون نمبر 081-2833309

بلوچستان: اربوں روپے کا امن، مگر عوام اب بھی غیر محفوظ

ریاست کی بنیادی ذمہ داری صرف حکومت کرنا نہیں بلکہ شہریوں کو تحفظ، انصاف اور اعتماد فراہم کرنا ہے۔ جب کوئی ریاست یا حکومت عوام سے ٹیکس وصول کرتی ہے، اربوں روپے کے بجٹ منظور کرتی ہے اور امن وامان کے نام پر خطیر وسائل مختص کرتی ہے تو اس کے بدلے میں عوام کا سب سے پہلا اور جائز مطالبہ یہی ہوتا ہے کہ ان کی جان، مال، عزت اور نقل وحرکت محفوظ ہو۔ اگر یہی بنیادی ذمہ داری پوری نہ ہو سکے تو بجٹ کے حجم، تر قیاتی منصوبوں اور سرکاری دعوؤں کی اہمیت خود بخود کم ہو جاتی ہے۔

بلوچستان اس وقت اسی تلخ حقیقت سے گزر رہا ہے۔ رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ گزشتہ کئی دہائیوں سے امن وامان کے مسائل سے دوچار ہے، مگر حالیہ برسوں میں پیش آنے والے واقعات نے عوام کے اندر عدم تحفظ کے احساس کو پہلے سے کہیں زیادہ گہرا کر دیا ہے۔ قومی شاہراہوں پر مسلح افراد کی موجودگی، بین الاضلاعی شاہراہوں کی بندش، مسافروں کی شناخت کے بعد انہیں نشانہ بنانے کے واقعات، سرکاری ونجی املاک پر حملے اور اہم انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچانے کے واقعات اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ سیکیورٹی کے روایتی طریقہ کار پر ازسرِ نو غور کرنے اور اسباب معلوم کرنے کی ضرورت ہے۔

یہ سوال اب صرف اپوزیشن یا ناقدین کا نہیں بلکہ ہر اس شہری کا ہے جو اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ سفر کرتے ہوئے خود کو محفوظ محسوس نہیں کرتا۔ ماضی میں خود حکومتی حلقوں سے یہ اعتراف سامنے آتا رہا کہ بعض شاہراہوں پر شام کے بعد سفر محفوظ نہیں۔ اگر آج اسی نوعیت کے خدشات دن کے اوقات میں بھی عوامی گفتگو کا حصہ بن جائیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ مسئلہ وقتی نہیں بلکہ ساختی نوعیت اختیار کر چکا ہے۔

یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ بلوچستان کے بجٹ میں امن و امان کے لیے ہر سال سوا ارب روپے سے زائد مختص کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ سیکیورٹی آپریشنز، حساس تنصیبات کی حفاظت، چیک پوسٹوں اور کیمپوں کے انتظام، لاجسٹک معاونت، گاڑیوں، ایندھن، عمارتوں اور خصوصی سیکیورٹی گرانٹس کی مد میں بھی بڑے پیمانے پر وسائل خرچ ہوتے ہیں۔ سوال یہ نہیں کہ رقم کتنی خرچ ہوئی ہے، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ اس سرمایہ کاری کے نتائج عوام کو کیوں دکھائی نہیں دے رہے؟ اگر قومی شاہراہیں گھنٹوں غیر محفوظ رہیں، حملہ آور کارروائیاں مکمل کر کے واپس چلے جائیں اور ریاست بعد میں صرف نقصانات کا جائزہ لیتی نظر آئے تو اس صورت حال پر سوال اٹھانا ہر شہری کا آئینی حق ہے۔

مزید تشویش ناک امر یہ ہے کہ مختلف اوقات میں اہم پلوں اور مواصلاتی ڈھانچے کو نقصان پہنچانے کے واقعات رپورٹ ہوتے رہے ہیں۔ پہلے بارودی مواد کے ذریعے تخریب کاری کی خبریں سامنے آتی تھیں، جبکہ حالیہ عرصے میں بعض واقعات میں بھاری مشینری کا استعمال ہو رہا ہے۔ اگر ایسی اطلاعات درست ہیں تو یہ صرف ایک سیکیورٹی ناکامی نہیں بلکہ ریاستی نگرانی، انٹیلی جنس اور فوری ردعمل کے نظام کے لیے ایک سنجیدہ چیلنج ہے۔ اور عوام کا عدم تعاون ہے۔ عوام یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ اتنے وسیع سیکیورٹی انتظامات کے باوجود اہم قومی انفراسٹرکچر اس قدر غیر محفوظ کیوں ہے؟

حکومت کی جانب سے ڈیجیٹل گورننس، ای گورننس اور مصنوعی ذہانت کے استعمال کی باتیں بارہا کی جاتی ہیں۔ حالانکہ مصنوعی ذہانت کی کوئی اہمیت نہیں یہ ہر۔عروض کے لئے مختلف ہوتا ہے یہ عوام کے خیالات کا نچوڑ ہے۔ مصنوعی ذہانت سوچنے کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ اس کے باوجود یہ ایک مثبت سمت معروضی تبدیلی کے ساتھ ہو سکتا ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا۔ یہی جدید ٹیکنالوجی امن وامان کے شعبے میں پوری سنجیدگی سے استعمال ہو رہی ہے؟ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں مصنوعی ذہانت، اسمارٹ کیمرہ نیٹ ورک، ڈرون نگرانی، خودکار نمبر پلیٹ شناختی نظام، جغرافیائی معلوماتی نظام (GIS)، ریئل ٹائم کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹرز اور پیش گوئی پر مبنی انٹیلی جنس تجزیے کے ذریعے جرائم کی روک تھام کی جا رہی ہے۔ بلوچستان جیسا وسیع، دشوار گزار اور حساس صوبہ شاید پاکستان میں وہ پہلا صوبہ ہونا چاہیے جہاں جدید ٹیکنیکل سیکیورٹی نظام کو ترجیح دی جائے، کیونکہ روایتی طریقے اپنی محدودیت ثابت کر چکے ہیں۔

احسان کو بھولنا انسان، وفا نبھانا جانور

تحریر: *ڈوالفقار علی طارق قادری*

ڈانٹے، مارے، بھگاؤ یا اس کے ساتھ سخت رویہ اختیار کرو اس کو دھوپ میں ملا نا تو مالک مالک بتا چاہیے اسے دور کرے، لیکن وہ پٹھے دی بعد بھر اسی کے قدموں میں آ کر بیٹھ جاتا ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر میں وفاداری کی مثال دیتے وقت اکثر کتے کی اسی جانور کا تذکرہ کرتے ہیں۔ یہ مثال اس لیے نہیں دی جاتی کہ انسان جانور کی نقل کرے، بلکہ اس لیے کہ یہ جانور انسان کو بھی اپنے محسن کو پہچانے، اس کا احسان مانتے ہو اور اسے کبھی فراموش نہیں کرتی۔

یہ سوچنے کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا، عقل و شعور عطاء فرمایا، اچھے اور برے کی تمیز دی، محبت، وفا، اور احسان شناسی جیسے اعلیٰ اوصاف سے نوازا، لیکن افسوس کہ آج کا انسان انہی اوصاف سے دور ہوتا جا رہا ہے۔ ترقی کے دعوے تو بہت کیے جاتے ہیں، مگر اخلاقی ترقی روز بروز کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ عمارتیں بلند ہو رہی ہیں، مگر کردار پست ہوتے جا رہے ہیں۔

گزشتہ روز ایک دوست کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ وفا اور احسان شناسی کی باتیں چل پڑیں۔ انہوں نے ایک ایسا واقعہ سنایا جس نے میرے دل پر گہرا اثر چھوڑا۔ انہوں نے بتایا کہ کسی شخص نے ان کے ایک دوست کی وفاداری کی تھی۔ دکان کے قریب کہیں سے ایک کتیا آ کے بیٹھ دیے ہوئے تھے۔ بھوک اور افلاس کی وجہ سے وہ بے حد مسلسل چیخ رہے تھے، جبکہ کتیا بے بسی سے کبھی اپنے بچوں کو دیکھتی اور کبھی آنے جانے والوں کو۔

میرے دوست نے یہ منظر دیکھا اور اس کا دل پسیج گیا۔ وہ بازار سے اچھا خاصا گوشت خرید کر لایا اور اس کتیا کے سامنے رکھ دیا۔ کتیا نے پہلے اپنے بچوں کو کھلایا، پھر خود بھی کھایا۔ شاید دونوں نے شکر ادا کیا کہ کسی نے بھوکوں کی آنکھوں میں ایک نیہ امید کی چمک دیکھی۔ یہ کتیا کی آنکھوں میں ایک نیہ امید کی چمک نمایاں تھا۔

محض ایک مرتبہ دیا گیا گوشت تھا۔ نہ روزانہ کھانا، نہ مستقل کفالت کی گئی، نہ کسی قسم کا کوئی اور فائدہ پہنچایا گیا۔ مگر اس ایک احسان نے اس بے زبان جانور کے دل میں ایسی جگہ بنائی کہ اس نے اپنے محسن کو کبھی نہیں بھلایا۔ اس کے بعد جب بھی میرا دوست دکان پر آتا تو وہ کتیا دور بندر کے گھر روانہ ہو جاتا، وہ کتیا خاموشی سے اس کے ساتھ چلتی، اسے گھر تک چھوڑتی اور پھر واپس اپنی جگہ آ جاتی۔ صبح دوپہر اور شام کے سامنے بیٹھی ہوتی، جیسے اس نے خود پر یہ ذمہ داری لے لی ہو کہ اپنے محسن کی حفاظت بھی کرنی ہے اور اس کا ساتھ بھی نہیں چھوڑنا۔

یہ سلسلہ کئی دنوں تک جاری رہا، میرے دوست نے بھی اس سے یہ مطالبہ نہیں کیا تھا کہ وہ اس کے ساتھ آئے یا اس کی حفاظت کرے، لیکن شاید وفاداری کسی حکم کی محتاج نہیں ہوتی، بلکہ دل میں پیدا ہونے والا احسان ہوتی ہے۔

میں اکثر سوچتا ہوں کہ ایک بے زبان جانور اگر ایک مرتبہ دیے گئے احسان کو نہیں بھولتا، تو ہم انسان کیوں اپنے محسنوں کو بھول جاتے ہیں؟

آج ہمارے معاشرے کا سب سے بڑا المیہ یہی ہے کہ ہم احسان کو بہت جلد فراموش کر دیتے ہیں۔ جب تک ہمیں کسی سے ضرورت ہوتی ہے، ہم اس کے گرد گھومتے ہیں، اس کی تعریف کرتے ہیں، اس کے ساتھ وقت گزارتے ہیں، اس کی ہر بات کو اہمیت دیتے ہیں، لیکن جیسے ہی ضرورت ختم ہو جاتی ہے، ہمارا رویہ بھی بدل جاتا ہے۔ نہ سلام باقی رہتا ہے، نہ احترام نہ ملاقات اور نہ ہی وہ محبت جس کے دعوے کبھی زبان پر ہوتے تھے۔ کتنے ہی ایسے لوگ ہماری زندگی میں آتے ہیں جو مشکل وقت میں ہمارا ہاتھ تھامتے ہیں، ہماری عزت بچاتے ہیں، ہمارے لیے دروازے کھولتے ہیں، ہمارے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں، ہماری غلطیوں پر پردہ ڈالتے ہیں، ہمیں سہارا دیتے ہیں، لیکن جب اللہ تعالیٰ ہمیں بہتر حالات عطا فرماتا ہے تو ہم انہی لوگوں کو بھول جاتے ہیں۔

یہ صرف ایک فرد کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے معاشرے کا المیہ بن چکا ہے۔ مفاد پرستی نے اخلاص کو نگل لیا ہے، خود غرضی نے محبت کو کمزور کر دیا ہے اور وفا کی قدر نے مستقل تعلقات کو ختم کر دیا ہے۔ اب لوگ رشتے بھی ضرورت کے مطابق بناتے ہیں اور تعلقات بھی فائدے کے مطابق نبھاتے ہیں۔

حالانکہ زندگی کا حسن ہی وفا میں ہے، تعلقات کی خوبصورتی ہی احسان شناسی میں ہے اور انسانیت کی اصل پہچان یہی ہے کہ انسان جس پر احسان کرے، اس کو نہ بھولے۔

میں تو یہاں یہ کہوں گا کہ اگر انسان میں کم از کم ایک کتیا جتنی بھی وفاداری اور احسان شناسی آ جائے تو شاید ہمارے معاشرے کے اکثر شعرے ہونے رشتے دوبارہ جڑ جائیں۔ دوستی میں اعتماد پیدا ہو جائے، خاندانوں میں محبت لوٹ آئے، استاد اور شاگرد کا رشتہ مضبوط ہو جائے، پڑوسی ایک دوسرے کا سہارا بن جائیں، اور انسان، انسان کے لیے رحمت بن جائے، زحمت نہ بنے۔

قرآن کریم بھی انسان کو احسان کا بدلہ احسان سے دینے اور حوصلہ کو پورا کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔ ایک مسلمان کی شان یہی ہے کہ وہ وفا کرے، احسان کو یاد رکھے، تعلقات نبھائے اور اپنے محسن کو کبھی نہ بھولے۔ بدقسمتی سے آج ہم نے ترقی تو بہت کر لی، لیکن اخلاقی قدریں پیچھے چھوڑ دیں۔ ہمارے پاس جدید سہولتیں تو ہیں، مگر دلوں کی وسعت کم ہوتی جا رہی ہے۔ زبان پر محبت کے دعوے ہیں، مگر عمل میں مفاد پرستی غالب آ چکی ہے۔

افسوس اس بات کا ہے کہ آج انسانوں کے درمیان تعلقات بھی کاروبار بن گئے ہیں۔ جب تک فائدہ ہے، تعلق قائم رہتا ہے، جب فائدہ ختم ہو جائے تو یہ رشتوں کی محبت بھی چند لمحوں میں ختم کر دی جاتی ہے۔ بعض لوگ تو لیکن سادہ دل رکھنے والے انسان کو یہ پتہ ہی نہیں کہ یہ لوگ مطلب کے حد تک ہے اور وقت خاموشی سے انسان کو دھوکہ دیتا ہے جو دنیا کی کوئی دوسری گاڑی میں نہ سکتی۔

وقت انسان کو سمجھا دیتا ہے کہ شاید صرف وقتی ٹھکانہ ہوتی ہیں، پرندے بھی درختوں کے مالک نہیں بنتے، موسم بدلتے ہیں جیسے نہیں رہتے، خزاں کے بعد بہار آتی ہے اور بہار کے بعد پھر خزاں آ جاتی ہے۔

غم گسار کی مت بنے دیں

تحریر: نصرت جاوید

تقریباً 12 برس قبل عملی صحافت سے بتدریج کنارہ کشی اختیار کرنا شروع کر دی تھی۔ آخش کے "پھر پرانے" ایام میں بقیہ زندگی اب دوبارہ اسلام آباد میں مقیم تھی۔ ممالک اور عالمی اداروں کے نمائندوں سے تعلقات قائم بھی ہو جاتے ہیں۔ اسلام آباد کے سرکاری افسران بھی مذکورہ اختیارات کے بارے میں مضطرب نظر آتے تھے۔ کئی محفلوں میں محتاط انداز میں مذکورہ افسران کے جان کر وہ خدشات کو خشت زبان میں ادا کرتے سفارت کاروں کی تعلقوں سن کر میں بھی زیادہ حیران ہو جاتا۔

یہ کہنا ہے کہ اخبار میں ترجمہ کے تحت فراہم لفیفہ کردہ اختیارات کے بیچیے میں وفاق اور صوبوں کے مابین قوی خزانے سے قومی کمیشن کا جو فارمولا طے ہوا اس کا سب سے زیادہ فائدہ پنجاب کو ہوتا الخیاء بلور وزیر اعلیٰ پنجاب شاہد شریف نے پنجشن فاطمہ گلشن اپوارڈ کے جلسہ کردہ اعلامیہ کے نتیجے میں بیشتر وسائل اور اٹھارہ بیسز جیسے منصوبے متعارف کروائے۔ ان پر کیا رقم لگائی گئی کے ذریعے محدود آمد سے "شہباز سپیڈ" کا لقب بھی کمایا۔ ان ہی اختیارات کا نتیجہ ہے کہ اخبار میں ترجمہ کے تحت فراہم

بقیہ 1

چاہ جگن بیلہ ضلع لسبیلہ میں سیمت جیسا فراڈ دنیا کے دو۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر سیکرٹری ڈی ایم موقع پر پہنچ گئی اور جان جین افراد کی لاشوں اور زخمیوں کو نکلنے کا حکم دیا، ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تمام زخمیوں کو مزید علاج کے لیے سول اسپتال ژوب مراد جمالی منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق حادثے کے بعد ٹریکٹر ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا، جس کی خلاف ورزی ہے، جبکہ ادارے کی ٹیمیں اس کے حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے مزید تحقیقات بھی شروع کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 2

145 افراد نے رجسٹریشن کروائی، صوبائی تاج پنجاب سے ایک لاکھ 36 ہزار، سندھ سے 88 ہزار 711، خیبر پختونخوا سے 45 ہزار، اسلام آباد سے 13 ہزار 729، بلوچستان سے 10 ہزار، آزاد جموں و کشمیر سے 2 ہزار 74 افراد، گلگت بلتستان سے 992 زائرین نے رجسٹریشن مکمل کی۔ رجسٹرڈ زائرین میں ایک لاکھ 74 ہزار مرد اور ایک لاکھ 22 ہزار خواتین شامل ہیں، جبکہ 33 سے 46 سال عمر کے ایک لاکھ 15 ہزار افراد سب سے بڑی افرادی گروپ کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ 60 سال سے زائد عمر کے رجسٹرڈ زائرین کی تعداد 38 ہزار 359 ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 3

بنانے کی اہمیت کا بھی عمل اور ادراک ہونا چاہیے۔ بچہ و بچی کی صحت، بچی کی بقا، مناسب غذائیت، تعلیم اور بنیادی صحت کی سہولیات سب اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتا جب تک ماں، کمیونٹی اور زچگی کے دوران قابل مدارک خطرات کا سامنا ہو، یہ خطرناق قسم کا شکار ہوتا ہیں یا بچیوں کو تعلیم اور آگے بڑھنے کے مساوی مواقع سے محروم رکھا ڈیل، ایل پی ایس اور اچھی کی قیمتوں میں بھی کمی ہوئی۔

بقیہ 9

06 جولائی 2026 کو تعلیم حاضر باقی ٹوئٹس جاری کر چکا ہے۔ تعلیمی مذکورے کی رکاوٹ رابطہ نہیں کیا۔ سب سے مذکورکوا ایوی سرکاری نوکری ارزو مند داری سے کوئی دیکھی نہیں۔ مذکور جاتا ہے کہ اس کی اتفاقی اور حقی پلیٹیاں اور مزید رعایت نہ صرف صورت میں ہے۔ تعلیم، صحت، صنعتی مساوات، غربت میں اور معاشی مواقع میں بھی ترقی خاندانوں اور معاشروں کو مضبوط بناتی ہے اور ایک خوشحال اور مستحکم معاشرے کی تشکیل میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ تعلیم اور صحت کی بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی اور ہر بچے کو مناسب غذا، غذائیت اور مستحکم فراہم کرنا نہ صرف ہماری اخلاقی ذمہ داری بلکہ ایک قومی تقاضا بھی ہے۔ میں تمام اداروں، ماہرین، عوام اور جامع ہوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ تمام کی صحت اور اخلاق و بہبود کے لیے متحرک کردار ادا کریں۔ خواتین، بچوں اور نوجوانوں کو ترقی کی حکمت عملی کا محور بنا کر ہم ایک ایسا مستقبل تشکیل دے سکتے ہیں جو مساوی اور جامع ہو۔ آج اس عہد کی تجدید کریں کہ ہم اپنا کا سکتن تعمیر کریں جس پر ہر فرد اپنی امیدوں کو حقیقت کا روپ دے سکے۔ اپنی خاندان سے اپنی آبادی کی قوت کو انسانی قوت اور ترقی یافتہ خوشحالی میں تبدیل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 4

حمل تھا جبکہ زچا کا بچہ کی رپورٹ پیش کرے گی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر مکران میں وزیر زیرے اسمبلی گلگت بلتستان و کشمیر امیر مقام اور وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی و معاونی امور رانا ثناء اللہ شامل ہیں۔ وزیر اعظم نے پاکستان مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے گلگت بلتستان کی اسمبلی کے ممبران نے ملاقات کی۔ ملاقات میں گلگتہ گلگت کے عوام نے بھیٹ پاکستان سے اپنی محبت، وفاداری اور اپنی مقبولیتی کا ثبوت دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ عوام کے منتخب نمائندے ہیں، آپ کے ذریعے عوام کی توقعات، مسائل اور ترجیحات سے براہ راست آگاہی حاصل ہوتی ہے، ہم اپنا مقصد صرف اور صرف عوام کی خدمت اور ان کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گلگت بلتستان کی تعمیر و ترقی وفاقی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، علاقے کی سیاحت، سیاحت اور روزگار کے مواقع بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گلگت بلتستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے وفاقی حکومت گلگت بلتستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ شاہراہ شرف نے کہا کہ گلگت بلتستان میں سیاحتی تبدیلی کا کریڈٹ پاکستان تحریک انصاف کو جاتا ہے، گلگت بلتستان کی جانب سے دی گئی قابل شمار تجاویز کو ہم نے کابینہ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ کیمپنی کے دیگر ممبران میں ڈپٹی کمشنر کرتے ہیں، جبکہ ساتھ ہی ریاستی

بقیہ 5

پریشنگ کے دوران مجموعی طور پر 75 ڈسٹرکٹ ہلاک کیا جا چکے ہیں۔

بقیہ 6

نے پولیو کے خاتمے کی کوششوں میں مکمل سپورٹ کی ہے اور مستقبل میں مضبوط عزم کی بنیاد پر اس سال پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے فیصلہ کن حیثیت رکھتے ہیں۔ وفد نے اس موقع پر پولیو ورکرز کے خاتمے کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ وفد نے کہا کہ پاکستان کے پیارے بچوں کے مستقبل کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ ٹاسک فورس کے سربراہ نے کہا کہ پولیو ورکرز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں، ہم ان کی کاوشوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ان کی محنت اور عزم کے بغیر پولیو کے خاتمے کی منزل ناممکن تھی۔ ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ ٹاسک فورس کے سربراہ نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ وفد نے فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کی قربانیوں کو سراہا۔ وفد نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ وفد نے کہا کہ پاکستان کے پیارے بچوں کے مستقبل کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ وفد نے کہا کہ پاکستان کے پیارے بچوں کے مستقبل کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

بقیہ 7

کے بلیوپرنٹ کے مطابق 11 فلٹیٹ میں بیاز 3.54 اور آلے کی قیمت میں 1.61 فیصد اضافہ ہوا۔ علاوہ ازیں انڈے، بیف اور تازہ دودھ سے سیت ہوئے ہیں۔ دیگر اشیاء میں ٹماٹر 23.3 فیصد سستے ہوئے، دال مونگ 2.15 اور دال مسور 0.52 فیصد سستی ہوئی۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پیٹرول، ڈیزل، ایل پی جی اور چینی کی قیمتوں میں بھی کمی ہوئی۔

بقیہ 8

اجوار رپورٹ کے مطابق 1 فلٹیٹ میں بیاز 3.54 اور آلے کی قیمت میں 1.61 فیصد اضافہ ہوا۔ علاوہ ازیں انڈے، بیف اور تازہ دودھ سے سیت ہوئے ہیں۔ دیگر اشیاء میں ٹماٹر 23.3 فیصد سستے ہوئے، دال مونگ 2.15 اور دال مسور 0.52 فیصد سستی ہوئی۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پیٹرول، ڈیزل، ایل پی جی اور چینی کی قیمتوں میں بھی کمی ہوئی۔

بقیہ 9

06 جولائی 2026 کو تعلیم حاضر باقی ٹوئٹس جاری کر چکا ہے۔ تعلیمی مذکورے کی رکاوٹ رابطہ نہیں کیا۔ سب سے مذکورکوا ایوی سرکاری نوکری ارزو مند داری سے کوئی دیکھی نہیں۔ مذکور جاتا ہے کہ اس کی اتفاقی اور حقی پلیٹیاں اور مزید رعایت نہ صرف صورت میں ہے۔ تعلیم، صحت، صنعتی مساوات، غربت میں اور معاشی مواقع میں بھی ترقی خاندانوں اور معاشروں کو مضبوط بناتی ہے اور ایک خوشحال اور مستحکم معاشرے کی تشکیل میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ تعلیم اور صحت کی بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی اور ہر بچے کو مناسب غذا، غذائیت اور مستحکم فراہم کرنا نہ صرف ہماری اخلاقی ذمہ داری بلکہ ایک قومی تقاضا بھی ہے۔ میں تمام اداروں، ماہرین، عوام اور جامع ہوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ تمام کی صحت اور اخلاق و بہبود کے لیے متحرک کردار ادا کریں۔ خواتین، بچوں اور نوجوانوں کو ترقی کی حکمت عملی کا محور بنا کر ہم ایک ایسا مستقبل تشکیل دے سکتے ہیں جو مساوی اور جامع ہو۔ آج اس عہد کی تجدید کریں کہ ہم اپنا کا سکتن تعمیر کریں جس پر ہر فرد اپنی امیدوں کو حقیقت کا روپ دے سکے۔ اپنی خاندان سے اپنی آبادی کی قوت کو انسانی قوت اور ترقی یافتہ خوشحالی میں تبدیل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 10

آگی۔ حادثے کے نتیجے میں گاڑی میں سوار ایک خاتون اور ایک بچہ آگ سے جھلس گئے اور موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے ایمبولینس لیڈی حادثہ پر پہنچ گئے مگر شدید آگ کی وجہ سے گاڑی میں سوار افراد جان کی بازی ہار گئے تھے۔ تیل بردار زامیاد ٹرالی ٹکرا گئی۔ حادثے

اسلام آباد: وفاقی وزراء مصدق ملک اور شزا فاطمہ خواجہ این آئی پی کی ہدایات کا آڈٹ کرنے والی کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حوثی حملوں کے بعد باب المندب میں جہازوں کی آمدورفت میں نمایاں کمی رپورٹ

صنعا (اے این این) سعودی عرب کے تیل، دالمرکے ساحلی علاقوں میں واقع تیل کی تنصیبات پر حوثیوں کے حملوں اور سعودی عرب کے خلاف بحری ناکہ بندی کے اعلان کے بعد باب المندب سے گزرنے والے جہازوں کی آمدورفت میں نمایاں کمی رپورٹ کی گئی ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے بحری کمرشل پلیٹ فارم کنر کے مطابق پیغام

آزاد کشمیر انتخابات: نون لیگ اور استحکام پاکستان کے کارکنوں نے بلٹ باکس کو آگ لگا دی

میر پور (اے این ایم) آزاد کشمیر میں عام انتخابات کے پہلے مرحلے میں ووٹنگ میں سلسلہ جاری ہے انا نکہ بارہ بوتھ کے مطابق میرپور ڈویژن کیلئے اس لئے 6 سٹیشن میں مسلم لیگ (ن) اور استحکام پاکستان کے کارکنوں کے درمیان جھگڑے کے دوران کارکنان نے بلٹ باکس کو آگ لگا دیئی آزاد کشمیر کے مطابق ووٹنگ جاری ہے

سرمایہ کاری کا فروغ اور تجارتی مواقع میں اضافہ ہماری ترجیح ہے، سرفراز بگٹی

سرمایہ کاری کے عمل کو آسان بنانے اور نجی شعبے کا اعتماد مضبوط کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں، سرمایہ کاری کے فروغ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے جائیں گے

بلوچستان قدرتی وسائل اور معاشی امکانات کے اعتبار سے بے پناہ صلاحیتوں کا حامل صوبہ ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت اجلاس میں بلوچستان بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے مختلف مالیاتی اور انتظامی امور کی منظوری دی گئی

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس ہوا جس کے روز چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم، بلوچستان قدرتی وسائل اور معاشی امکانات کے اعتبار سے بے پناہ صلاحیتوں کا حامل صوبہ ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت اجلاس میں بلوچستان بورڈ آف انوسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے مختلف مالیاتی اور انتظامی امور کی منظوری دی گئی

اسلام آباد (ڈی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنی ایک 9 کوئلی 2 گولیاں میں جنایے مقار پولیس کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے سوال کیا کہ یہ میر پرنکیال میں میرا کارکن شہید ہوگیا، معاملہ دکام کہاں ہیں؟ ایشن کمیشن کیا کر رہا ہے؟ دو روز قبل بھی مسلم لیگ (ن) کا عمل کے رہنما سردار ضمیر تیمور سانگیں سمیت کئے عام زرداری نے کہا کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ مسلم لیگ

میر پرنکیال میں میرا کارکن شہید ہوگیا، متعلقہ حکام کہاں ہیں؟ بلاول بھٹو زرداری

شہید جیالا اختر یونس نکیال میں اپنے امیدوار جاوید بلوڈ سانگی کے ساتھ کل مقتول کیم چلا رہا تھا، چیئرمین پیپلز پارٹی نے ان امیدوار سردار ضمیر تیمور کی جانب سے فائرنگ کر کے میرے کارکن مختار یونس کو شہید کیا گیا۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ میر پرنکیال میں میرا کارکن شہید ہوگیا، متعلقہ حکام کہاں ہیں؟ ایشن کمیشن کیا کر رہا ہے؟ دو روز قبل بھی مسلم لیگ (ن) کا عمل کے رہنما سردار ضمیر تیمور ساتھیوں سمیت کئے عام

سعودی ولی عہد اور برطانوی وزیر اعظم کا رابطہ، حوثی ملیشیا کے حملوں کی مذمت

ریاض (اے این این) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور برطانوی وزیر اعظم کیئر اسٹارمر کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا۔ سعودی خبر رساں ادارے کے مطابق شہزادہ محمد بن سلمان نے ایندی برنجم کو برطانیہ کی وزارت عظمیٰ سنبھالنے پر مبارک باد دی۔ رپورٹ کے مطابق برطانوی وزیر اعظم ایندی برنجم نے مبارک باد کا شکریہ ادا کیا۔ سعودی سرکاری خبر ایجنسی کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و سلامتی کو درپیش چیلنجز کا جائزہ لیا۔ سعودی خبر رساں ادارے کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و سلامتی کو درپیش چیلنجز کا جائزہ لیا۔ سعودی وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ ڈرون فائر کر کے دہشت گردی کی کوشش ہے، سعودی عرب اپنے دفاع، تحفظ، شرعی اور اخلاقی طور پر جارحیت کا جواب دینے کا حق رکھتا

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خوراک کے معیار پر کریک ڈاؤن، 69 مراکز پر جرمانے

صوبے بھر میں متعرضہ اشیائے خورونوش اور غیر معیاری خوراک کے خلاف کارروائیاں جاری

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے بھر میں خوراک کے معیار کو بہتر بنانے اور عوام کو تحفظ و معیاری خوراک کی یقینی فراہمی کیلئے کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ایکسٹھ ٹیموں نے کوئٹہ، دالبندین، چمن، گوادر، سبی، پنجگور اور لورالائی میں ٹی، ڈوب، خضدار اور حب میں مہنج بیکاری کے ایکسٹھ ٹیموں اور انفورسمنٹ کارروائیاں کیں۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 69 خوراک کے مراکز پر جرمانے عائد کیے گئے جبکہ 100 سے زائد اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ معائنہ کیے گئے مراکز میں ہوٹلز، ریسٹورنٹس، شادی ہال، جنرل اسٹورز، ریفرشمنٹ، نان شاپس، مصالحہ شاپس اور دیگر خوراک کے کاروباری مراکز شامل تھے۔ ترجمان